پریس ریلیز

گوجرانوالہ چیمبر کا سالانہ اجلاسِ عام: بلا مقابلہ عہدیداران کا باضابطہ اعلان اور مبارکباد

گوجرانوالہ: گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے آڈیٹوریم ہال میں سالانہ اجلاسِ عام (AGM) کا پروقار انعقاد کیا گیا، جس میں دو سالہ انتخابات سیشن 2026-28 کے نتائج کے بعد نو منتخب عہدیداران کا باضابطہ اعلان کیا گیا۔

الیکشن کمیشن نے 19 ستمبر ایسوسی ایٹ کلاس اور 21 ستمبر کارپوریٹ کلاس کے کامیاب اور پرامن انتخابات کے بعد 32 اراکین پر مشتمل مکمل ہاؤس کی موجودگی میں گوجرانوالہ چیمبر کے بلا مقابلہ منتخب ہونے والے عہدیداران کی کامرانی کا باضابطہ اعلان کیا، جن میں شامل ہیں:

- **شیخ غلام حسین جج**، صدر
- **محمد ارشد مغل**، سینئر نائب صدر
- **رانا محمد فرحان اصغر**، نائب صدر

اس موقع پر الیکشن میں کامیاب ہونے والے تمام امیدواروں بشمول منتخب ہونے والی 2 خواتین اراکین کو شاندار الفاظ میں مبارکباد پیش کی گئی اور ضلع انتظامیہ و پولیس کا الیکشن کو پرامن ماحول میں منعقد کروانے پر خصوصی شکریہ ادا کیا گیا، جبکہ شہر بھر کی بزنس کمیونٹی نے بھی نو منتخب عہدیداران کو بھرپور مبارکباد پیش کی۔

سابق صدر و چیئرمین بزنس گروپ رانا ناصر نے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے اور ریٹائرنگ اراکین کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے مکمل حمایت کا اعادہ کیا اور چیمبر میں وزارتِ خارجہ (MOFA) کے تصدیقی کاؤنٹر کے قیام، زیرِ التوا منصوبوں کی فوری تکمیل اور جی ٹی روڈ پر میٹرولائن پروجیکٹ کے باعث تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن سہولت کاری کی یقین دہانی کروائی۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نو منتخب صدر شیخ غلام حسین جج نے تاجر برادری، چیئرمین اور ایوان کے اراکین کے اعتماد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے عزم ظاہر کیا کہ MOFA تصدیقی کاؤنٹر، صنعتی سیکٹرز کے لیے ٹیسٹنگ لیب کے قیام کے ساتھ ساتھ صنعت کو درپیش بندشوں اور FBR مسائل پر مضبوط آواز اٹھائی جائے گی، جبکہ میڈیا کو شہر کی ترقی اور تاجرانہ مسائل کو اجاگر کرنے میں اہم بازو قرار دیا گیا۔

نو منتخب سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل نے تمام ٹریڈ باڈیز اور ایسوسی ایشنز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ایف بی آر، مقامی و صوبائی اداروں کی جانب سے تاجروں کو درپیش مسائل کے خاتمے اور نظام کو آسان بنا کر زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ٹیکس نیٹ میں شامل کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

نو منتخب نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر نے قائدین، ووٹرز اور میڈیا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے تاجر برادری کی خوشحالی و آسانی کے لیے اپنے دروازے ہر وقت کھلے رکھنے کا اعلان کیا۔

اجلاس کے اختتام پر الیکشن کمیشن کی غیر جانبدارانہ و بہترین کارکردگی کو سراہتے ہوئے چیمبر کی مضبوطی اور ملکی معاشی ترقی کے لیے مشترکہ جدوجہد کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

PRESS RELEASE

Gujranwala Chamber Holds Annual General Meeting: Formal Announcement and Felicitation of Unopposed Office Bearers

A prestigious Annual General Meeting (AGM) was held at the auditorium hall of the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI), marking the formal announcement of the newly elected office bearers for the biennial tenure (Session 2026–28).

Following the successful and peaceful conduct of Associate Class elections on September 19 and Corporate Class elections on September 21, the Election Commission—in the presence of the full 32-member house—officially notified the unopposed election of the newly elected executive team:

- **Sheikh Ghulam Hussain Judge**, President
- **Muhammad Arshad Mughal**, Senior Vice President
- **Rana Muhammad Farhan Asghar**, Vice President

Warm congratulations were extended to all victorious candidates, including the two newly elected female members. Special appreciation and gratitude were conveyed to the district administration and police for ensuring peaceful and orderly conduct throughout the election process. Prominent figures from the city's business community also attended in large numbers to felicitate the incoming leadership.Former President and Chairman of the Business Group, **Rana Nasir**, congratulated the newly elected office bearers and paid tribute to the outgoing members for their valuable services. Reaffirming his full support, he pledged proactive facilitation for establishing a Ministry of Foreign Affairs (MOFA) attestation counter at the Chamber, expediting pending development initiatives, and mitigating the commercial disruptions faced by traders due to the Metro Line project on G.T. Road.

Addressing the gathering, the newly elected President, **Sheikh Ghulam Hussain Judge**, expressed heartfelt gratitude to the business community, the group chairman, and members of the house for their trust. He affirmed that establishing the MOFA attestation counter, setting up dedicated industrial testing laboratories, and strongly advocating against industrial hurdles and FBR-related challenges will remain his administration's foremost priorities. He also termed the media an essential partner in highlighting trade issues and driving civic development.

Newly elected Senior Vice President, **Muhammad Arshad Mughal**, thanked all trade bodies and associations. He resolved to streamline regulatory procedures with the FBR as well as provincial and local authorities to alleviate hardships faced by the trading community and broaden the tax net through an accessible, business-friendly system.

Newly elected Vice President, **Rana Muhammad Farhan Asghar**, expressed his gratitude to the leadership, voters, and media representatives, stating that his doors would remain open around the clock to facilitate traders and support their commercial prosperity.

The meeting concluded with high commendations for the Election Commission's impartial conduct and a renewed pledge for collective efforts toward institutional strengthening and national economic growth.